**27.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... ارجمند علی خان

**Music**

---

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت ، دنیا میں دوسرا سب سے بڑا 5G مارکیٹ بن گیا ہے۔

☆ تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اِسٹالن نے وقف ترمیمی بل کے خلاف قرارداد پیش کی ہے۔ BJP کے ارکانِ اسمبلی نے واک آؤٹ کیا۔

☆ سرکار آج نئی دلّی میں کمرشیل کوئلہ کانوں کی نیلامی کا 12واں مرحلہ شروع کررہی ہے۔

☆ اور کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 آج شام نئی دلّی میں شاندار تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہورہے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**ASHWINI-5G-MARKET**

الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ بھارت آج دنیا میں دوسرا سب سے بڑا 5G مارکیٹ بن گیا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پروگرام میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ سرکار کی جانب سے خاص توجہ دیئے جانے کے تناظر میں مختلف شعبوں میں بڑی تبدیلی آرہی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ مختلف شعبوں میں قریب قریب 11 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ہورہی ہے۔

جناب ویشنو نے زور دے کر کہا کہ بھارتی ریلویز اِس سال بار برداری کے معاملے میں دوسرا سب سے بڑا وسیلہ ثابت ہورہا ہے اور یہ ایک ارب 60 کروڑ ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ اِس کے علاوہ، بندرگاہوں کو بھی تیز رفتار کے ساتھ فروغ مل رہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ 10 سال پہلے ملک میں الیکٹرانک مینوفیکچرنگ نہ کے برابر تھی لیکن آج یہ چوٹی کی برآمدی اشیاء اور سامان میں شامل ہے۔

جناب اشونی ویشنو نے کہا کہ ترقی پذیر ملکوں کے ساتھ ساتھ امیر ممالک بھی ادائیگی سے متعلق بھارت کے UPI نظام کو اختیار کرنے کے خواہشمند ہیں۔ وزیر موصوف نے اعلان کیا کہ اِس سال بھارت پہلی ''Made in India Chip '' لانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ x

**TN-WAQF**

تمل ناڈو اسمبلی نے ایک قرارداد منظور کی ہے، جس میں مرکزی سرکار پر زور دیا گیا ہے کہ وہ مجوزہ وقف ترمیمی بل کو واپس لے۔ اسمبلی میں متعلقہ بل پیش کرتے ہوئے، تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اِسٹالن نے کہا کہ مرکز کا وقف بل آئین میں درج بنیادی حقوق کے منافی ہے اور وقف بورڈ کے اختیارات کو کم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

جناب ایم کے اِسٹالن کی پیش کردہ تحریک میں کہا گیا تھا کہ کسی بھی منتخبہ سرکار کو اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے کام کرنا چاہیئے اور انہیں کبھی بھی خطرے میں نہیں ڈالنا چاہیئے۔ بڑی اپوزیشن آل انڈیا اَنّا DMK اور PMK پارٹیوں کی حمایت سے مذکورہ بل کو اسمبلی میں منظور کرلیا گیا۔ BJP کے ارکان نے بل کی مخالفت کرتے ہوئے واک آؤٹ کیا۔ بعد میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، BJP کی مہیلا مورچہ کی قومی صدر اور BJP کی ممبرِ اسمبلی Vanati Srinivasan نے کہا کہ مرکزی سرکار کو وقف ایکٹ میں کسی بھی طرح کی تبدیلی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔x

**LS-ZOJILA TUNNEL**

جموں و کشمیر میں ایشیا کی سب سے طویل ٹنل ، Zojila ٹنل کا تقریباً 70 فیصد کام مکمل ہوگیا ہے۔ مذکورہ پروجیکٹ سے سری نگر اور لداخ کے درمیان ہر موسم میں سڑک رابطہ فراہم ہوسکے گا۔ اِس پر ساڑھے پانچ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔ Zojila ٹنل پروجیکٹ کے تحت 13 کلومیٹر سے زیادہ ٹنل تعمیر کی جارہی ہے اور ٹنل تک 17 کلومیٹر سے زیادہ طویل سڑکیں بنائی جارہی ہیں، جن کی مجموعی لمبائی 30 کلومیٹر سے زیادہ ہوگی۔

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے محکمے کے وزیر نتن گڈکری نے آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے بتایا کہ جموں و کشمیر میں دو لاکھ کروڑ روپے مالیت کے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر کام ہورہا ہے۔جناب گڈکری نے مزید کہا کہ سڑک رابطے کو مزید بہتر بنانے کی خاطر جموں و کشمیر میں 105 ٹنل بھی بنائی جارہی ہیں۔

**COAL AUCTION**

کوئلے کی وزارت آج نئی دلّی میں تجارتی کوئلہ کانوں کی بارہویں مرحلے کی نیلامی کا آغاز کرے گی۔ پیش کردہ کانوں

میں سے 13 مکمل طور پر دریافت شدہ، جبکہ 12 جزوی طور پر دریافت شدہ ہیں، جو فوری اور مستقبل کی ترقی کے لیے مواقع فراہم کر رہی ہیں۔ 12 ویں مرحلے کی تجارتی کوئلہ کانوں کی نیلامی کا مقصد گھریلو اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی نمایاں دلچسپی کو راغب کرنا ہے، جس سے بھارت کے توانائی اور صنعتی ترقی میں خود کفالت کے عزم کو مزید تقویت ملے گی۔ ×

**JHARKHND BANDH**

جھارکھنڈ آسمبلی کے بجٹ اجلاس کے آخری دن اپوزیشن بھارتی جنتا پارٹی نے ریاست میں امن وقانون کی صورتحال پر احتجاج کرتے ہوئے ایوان میں کارروائی میں رخنہ اندازی کی۔ انہوں نے BJP کے مقامی لیڈر انل کمار مہتو کے کل دوپہر قتل کے خلاف احتجاج کیا۔ BJP کے سینئر لیڈر اور دفاع کے وزیرمملکت سنجے سیٹھ نے کہا کہ ریاست میں امن وقانون ختم ہوگیا ہے۔ AJSU پارٹی کے مرکزی صدر سُدیش مہتو نے بھی حکومت پر تنقید کی، انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کارروائی نہ کئے جانے سے مجرمانہ عناصر کو ریاست میں کھلی چھوٹ ملی ہوئی ہے۔

**NAVY-DRDO**

دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO اور بھارتی بحریہ نے اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک چاندی پور میں مربوط تجرباتی مقام سے ملک میں ہی تیار کئے گئے کم دوری کے زمین سے فضاء میں وار کرنے والے میزائل کی کامیاب آزمائش کی۔ اِس تجربے میں زمین پر Vertical Launcher سے فضاء میں کم اونچائی پر بہت قریب سے ایک تیز رفتار میزائل کو نشانہ بنایا گیا۔ آزمائش کے دوران اِسے پوری طرح تہس نہس کردیا گیا۔x

**J&K ENCOUNTER**

جموں وکشمیر کے کٹھوعہ ضلع میں آج دہشت گردوں اور سیکیورٹی دستوں کے درمیان ایک بار پھر تصادم ہوا، جہاں گزشتہ چار روز سے بڑے پیمانے پر دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ آج صبح Ghati Juthana علاقے کے راج باغ میں گولی باری اُس وقت شروع ہوئی، جب سیکیورٹی دستوں نے دہشت گردوں کو دیکھا۔ ایسا سمجھا جاتا ہے کہ یہ دہشت گرد اسی گروپ کے تھے، جو اتوار کی شام ضلع کے سانیال گاؤں کے ہیرا نگر سیکٹر میں ایک تصادم کے بعد بچ نکلنے میں کامیاب ہوگئے تھے۔ کُمک روانہ کردی گئی ہے، مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔×

**BIHAR-ED SEARCHES**

بہار میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، آمدنی سے زیادہ اثاثوں اور بدعنوانی کے کیسوں کے سلسلے میں پٹنہ میں IAS افسر

سنجیو ہنس کے کئی ٹھکانوں پر چھاپے مارنے کی کارروائی انجام دے رہی ہے۔ وہ بہار میں توانائی محکمے میں سکریٹری کے عہدے پر کام کرچکے ہیں۔ سنجیو ہنس اور اُن کے کئی ساتھیوں پر کالے دھن کو جائز شکل دینے ، بدعنوانی کے معاملات اور ٹینڈرس کو حتمی شکل دینے میں ہیراپھیری میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔

ذرائع کے مطابق پٹنہ میں اَنیس آباد کے مقام پر عمارتوں کی تعمیر سے متعلق محکمے کے ایک سینئر انجینئر کے ٹھکانے سے بڑی مقدار میں رقم اور قابلِ اعتراض دستاویزات ضبط کی گئی ہیں۔ رشوت کے کیسوں کے الزامات کے سلسلے میں کئی سرکاری افسروں اور انجینئرس کے ٹھکانوں پر بھی تلاشی کی کارروائی کی جارہی ہے۔ x

## INDIAN-WROLD TEA EXPORTER

بھارت نے چائے کی عالمی صنعت میں ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے اور وہ 2024 میں سری لنکا کو پیچھے چھوڑتے ہوئے دنیا کا دوسرا سب سے بڑا چائے برآمد کرنے والے ملک بن گیا ہے۔ بھارت کے چائے بورڈ کی جانب سے تیار کئے گئے اعداد وشمار کے مطابق ملک نے گزشتہ برس 255 ملین کلوگرام چائے برآمد کی۔ تاہم کینیا اس معاملے میں سرفہرست ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Manal**

*جغرافیائی سیاسی کشیدگی کے سبب عالمی بازار میں غیر یقینی کے باوجود بھارت کی چائے کی برآمدات 10 سال میں سب سے زیادہ رہی ہے۔ بھارت 25 سے زیادہ ممالک کو چائے برآمد کرتا ہے، جن میں متحدہ عرب امارات، عراق، ایران، روس، امریکہ اور برطانیہ اس کیلئے اہم بازار ہیں اور بھارت چائے برآمد کرنے والے دنیا کے پانچ سرکردہ ملکوں میں شامل ہے۔ بھارت کی آسام، دارجلنگ اور نیل گری چائے دنیا کی بہترین چائے مانی جاتی ہیں۔ **Black Tea** کی برآمدات سب سے زیادہ ہے اور یہ دنیا بھر میں تقریباً 96 فیصد ہے۔ اس کے علاوہ گرین ٹی، ہربل ٹی، مسالحہ ٹی اور لیمن ٹی بھی بھارت کی بڑھتی بین الاقوامی ساکھ کا حصہ ہیں۔*

*دِلّی سے منال کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

## FRANCE FOREIGN MINISTER IN CHINA

فرانس کے وزیر خارجہ **Jean-Noel Barrot** چین کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ چین کے اپنے ہم منصب **Wang Yi** کے ساتھ یوکرین میں جاری جنگ اور چین اور یوروپ کے درمیان تجارتی تنازعات سے متعلق بات چیت کریں گے۔ میٹنگ کے بعد ایک نیوز کانفرنس اور ظہرانے کا اہتمام کیا جائے گا۔ جناب **Barrot** کل مقامی عہدیداران اور صنعتکاروں سے ملاقات کیلئے شنگھائی جائیں گے، جس کا مقصد اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنا ہے۔ فرانس

روس کے حملے کے خلاف یوکرین کی جدوجہد کا مضبوط حامی رہا ہے، جبکہ بیجنگ میں سفارتی طور پر روس کی حمایت کی ہے اور روس کے قدرتی وسائل حاصل کرکے اسے اقتصادی مدد فراہم کی ہے۔ فرانس کے وزیر خارجہ کا یہ دورہ یوکرین کے معاملے میں چین کے رویئے کو بھانپنے کا ایک موقع ہوگا۔x

## ISRAEL STRIKES GAZA

اسرائیلی فوج نے غزہ میں اپنی فضائی اور زمینی کارروائی تیز کردی ہے۔ سرکاری بیان کے مطابق اسرائیلی فوج نے 18 مارچ کے بعد سے 430 سے زیادہ مقامات پر حملے کئے ہیں۔ اِس طرح وہاں دو مہینے سے جاری جنگ بندی ختم ہوگئی ہے۔ اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ جن ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، اُن سبھی کا تعلق دہشت گردوں سے تھا۔ اُدھر غزہ کے محکمۂ صحت کے حکام نے بتایا ہے کہ حملے دوبارہ شروع ہونے کے بعد سے تقریباً 830 افراد کی موت ہوئی ہے، جبکہ اِس عرصے کے دوران اسرائیل کی طرف کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔

7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے کے تناظر میں غزہ میں اسرائیل کی کارروائی میں مرنے والوں کی تعداد 50 ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے، جبکہ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے میں لگ بھگ ایک ہزار 200 افراد کی جان گئی تھی۔ x

## PUNJAB WILDLIFE TOURISM

پنجاب میں سیاحت کو فروغ دینے اور جنگلاتی زندگی کے تحفظ کی خاطر حکومت نے سری آنندپور صاحب کی Jhajjar-Bachauli وائلڈ لائف سینچری کو ایکو ٹوریزم کے طور پر فروغ دینے کا منصوبہ تیار کیا ہے، جو ریاست کا پہلا Leopard Safari کا مقام ہوگا۔ کل 2025-26 کیلئے پیش کئے گئے ریاستی بجٹ میں اس کا اعلان کیا گیا۔ پنجاب کے Nangal کو اگلے بڑے سیاحتی مقام کے طور پر فروغ دینے کا بھی اعلان کیا گیا ہے، جس کیلئے بجٹ میں 10 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔x

## KHELO INDIA-CLOSING CEREMONY

کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 آج شام ایک عظیم الشان تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوں گے۔ اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والی اس تقریب میں کھیل اور نوجوانوں کے امور کی وزیرِ مملکت رکشا نکھل کھڑسے شرکت کریں گی۔ کھیلو انڈیا مشن پہل کے تحت منعقدہ پیرا گیمز نے ہونہار ایتھلیٹس کو اپنے جوہر دکھانے کا پلیٹ فارم فراہم کیا۔ آٹھ دن تک چلی اس چیمپئن شپ کے دوران ایک ہزار 300 سے زیادہ ایتھلیٹس نے کھیل کود کے 6 مقابلوں میں حصہ لیا۔ اِن کھیلوں میں پیرا تیر اندازی، پیرا ایتھلیٹکس، پیرا بیڈمنٹن، پیرا پاور لفٹنگ، پیرا نشانے بازی اور پیرا ٹیبل ٹینس شامل تھے۔x

**IPL-CRICKET**

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، آج لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ سن رائزرس حیدر آباد سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے حیدر آباد میں کھیلا جائے گا۔وہیں کل IPL میں ، کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے راجستھان رائلس کو آٹھ وکٹ سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے راجستھان رائلس نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 151 رن بنائے۔

جواب میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے محض 17ویں اوور میں دو وکٹ گنواکر یہ نشانہ حاصل کرلیا۔ Quinton De Kock نے 61 گیندوں میں شاندار 97 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆